اپنی مادری زبان کا استعمال - والدین کے لیے فیکٹ شیٹ

والدین/دیکھ بھال کرنے والے (کیئررز) کے لیے معلومات

والدین اور کیئررز بچے کے تعلیمی عمل میں اہم کرادر ادا کرتے ہیں۔ یہ معلوماتی شیٹ بچے کی مادری زبان/زبانوں کی صلاحیت کو برقرار رکھنے کی اہمیت کو سمجھنے کے لیے والدین اور کیئررز کو کچھ مشورے پیش کرتی ہے۔

کثیر اللسانیت (multilingualism) کے فوائد

کثیر لسانی ہونے کا مطلب یہ ہے کہ آپ ایک سے زیادہ زبانوں میں بات چیت کر سکتے ہیں۔ بچے کی کثیر اللسانی ماحول میں پرورش کرنے کے کئی فوائد ہیں۔

ایک کثیر اللسانی دماغ پانے سے یہ ممکن ہوتا ہے کہ آپ کا بچہ زیادہ بہتر توجہ مرکوز کر سکتا ہے اور ایک کام سے دوسرے کام پر زیادہ آسانی سے منتقل ہو سکتا ہے۔ درحقیقت، تحقیق سے معلوم ہوتا ہے کہ اسکول اور گھر دونوں جگہوں پر مادری زبان کو برقرار رکھنا انگریزی سیکھنے میں رکاوٹ نہیں بنتا، [بلکہ] یہ انگریزی سیکھنے کا ایک اہم ذریعہ ہے (Hertzberg & Valdez, 2026, p. 20)۔ اسی وجہ سے، جو بچے انگریزی سیکھتے ہیں اور اپنی مادری زبان بھی سیکھنا جاری رکھتے ہیں، ان کے مستقبل میں اعلیٰ تعلیمی ترقی حاصل کرنے کے زیادہ امکانات ان طلبہ کے مقابلے میں زیادہ ہوتے ہیں جو انگریزی سیکھ جاتے ہیں مگر اپنی مادری زبان بھول جاتے ہیں۔ والدین اور کیئررز کو ترغیب دی جاتی ہے کہ وہ اپنے بچوں کے ساتھ ان کی مادری زبان میں بات چیت کریں اور جہاں ممکن ہو، مادری زبانوں میں پڑھنے اور لکھنے کی بھی مشق کریں۔

شناخت اور تعلق ہونے کا احساس

اپنے بچے کو ایک سے زیادہ زبانیں بولنے کے قابل بنانے سے اس چیز میں مدد مل سکتی ہے کہ وہ اپنی ثقافت اور ورثے کی اہمیت کو پہچان سکے، اور ایک مضبوط ذاتی شناخت پیدا کر سکے۔ ایک دوسری زبان جاننے سے آپ کے بچے کو اپنی مادری زبان اور ثقافت کو بہتر طور پر سمجھنے میں مدد مل سکتی ہے۔ کثیر اللسان ہونا آپ کی ثقافت کے رسم و رواج، خیالات اور نظریات کی سمجھ کو مزید پختہ کر سکتا ہے۔

ستمبر 2021 میں شائع کردہ، مئی 2026 میں اپ ڈیٹ کردہ

انگریزی سیکھنا

اگر آپ کا بچہ ابھی بھی انگریزی بولنا، پڑھنا اور لکھنا سیکھ رہا ہے، تو وہ 'اضافی زبان یا بولی کے طور پر انگریزی' (EAL/D) سیکھنے والا طالب علم ہے۔ آپ کے بچے کو انگریزی مزید بہتر بنانے کے لیے اسکول میں اضافی مدد دی جا سکتی ہے۔ اس کا مطلب یہ ہو سکتا ہے کہ وہ اسکول میں موجود کسی EAL/D ٹیچر کے ساتھ کام کریں، جو کہ اسکول میں انگریزی زبان کے ماہر استاد ہوتے ہیں یا پھر ضرورت پڑنے پر آپ کے بچے کے کلاس ٹیچر ہی کلاس روم میں ان کی اضافی مدد کریں گے۔

انگریزی سیکھنے میں وقت لگتا ہے، اور آپ کا بچہ اپنی رفتار سے ترقی کرے گا۔ آپ اپنے بچے کے ساتھ مادری زبان بولنا جاری رکھ کر ان کی مدد کر سکتے ہیں۔ ماہرین نے دریافت کیا ہے کہ انگریزی یا کوئی دوسری زبان سیکھتے وقت اپنی مادری زبان کو برقرار رکھنا بہت مددگار ثابت ہوتا ہے۔ گھر میں اپنی زبان کا استعمال جاری رکھنے سے انگریزی سیکھنا آسان ہو سکتا ہے کیونکہ ایک زبان میں سیکھے گئے تصورات (concepts) اکثر دوسری زبان میں منتقل ہو جاتے ہیں

ترجمان (انٹرپریٹر) کی خدمات کا استعمال

اپنے بچے کے سکول کے ساتھ بات چیت کرنے کے لیے آپ کا انگریزی بولنا ضروری نہیں ہے۔ اگر انگریزی آپ کی مادری زبان نہیں ہے اور آپ اپنی زبان میں بات کرنے میں زیادہ آسانی محسوس کرتے ہیں، تو آپ سکول سے ایک ترجمان (انٹرپریٹر) کی فراہمی کی درخواست کر سکتے ہیں۔ یہ سروس آپ کے لیے مفت ہے۔ سکول خاندانوں کے لیے فون پر ترجمانی کی خدمات بھی پیش کر سکتے ہیں۔ اگر آپ کو یا خاندان کے کسی فرد کو سکول کے ساتھ بات چیت میں مدد کی ضرورت ہو تو آپ اس سروس کی درخواست کر سکتے ہیں۔ یہ سروس درج ذیل معاملات میں آپ کی مدد کر سکتی ہے:

- والدین اور اساتذہ کی ملاقاتوں میں
- انگریزی میں لکھی گئی سکول رپورٹ کو سمجھنے کے لیے
- اگر آپ سے کسی ایسی دستاویز پر دستخط کرنے کو کہا جائے جسے آپ پڑھ نہیں سکتے
- آپ کے بچے کی خیریت اور فلاح و بہبود سے متعلق کسی بھی ملاقاتوں میں

گھر پر اپنے بچے کی مدد کیسے کریں

اپنی مادری زبان میں لکھنا اور پڑھنا سیکھنے سے آپ کے بچے کو انگریزی میں بھی لکھنا اور پڑھنا سیکھنے میں مدد ملے گی۔ بچے اپنی مادری زبان کی مہارتوں کو انگریزی میں تصورات (concepts) کو سیکھنے اور سمجھنے کے لیے استعمال کرتے ہیں۔

ستمبر 2021 میں شائع کردہ، مئی 2026 میں اپ ڈیٹ کردہ

ان طریقوں کو آزمائیں:

- ہر روز اپنے بچے کے ساتھ مادری زبان بولیں۔ اس سے آپ کی مادری زبان برقرار رہنے میں مدد ملتی ہے اور بچے کے ساتھ آپ کا اپنا تعلق بھی مضبوط رہتا ہے۔
- اپنے بچے کے ساتھ مادری زبان میں کتابیں پڑھیں اور ٹی وی شوز دیکھیں۔ ضروری نہیں کہ یہ معلوماتی ہی ہوں، تفریح کے لیے یہ سب کرنا بھی اتنا ہی اہم ہے۔
- اپنے بچپن کے گانے اور کہانیاں شیئر کریں۔ خاندانوں کے پاس اگلی نسل کو دینے کے لیے ایک قیمتی ورثہ ہوتا ہے، اور بچوں کو اپنے والدین اور کیئررز کے بچپن کے بارے میں سننا اچھا لگتا ہے۔
- اپنی مقامی لائبریری جائیں۔ ACT کی لائبریریوں میں ادھار لینے کے لیے کئی زبانوں میں کتابیں دستیاب ہیں اور وہاں چھوٹے بچوں اور ان کے والدین کے لیے دو لسانی کہانی سنانے (bilingual storytelling) کے پروگرام بھی ہوتے ہیں۔
- انگریزی اور اپنی مادری زبان میں آڈیو بکس سنیں۔
- اپنی ثقافت اور روایات کو شیئر کریں۔ اساتذہ ثقافت اور روایات کو آگے بڑھانے میں والدین اور دیکھ بھال کرنے والوں کے کردار کی قدر کرتے ہیں اور کلاس روم میں آنے والے مہمانوں کو خوش آمدید کہتے ہیں۔ آپ اپنے بچے کے ٹیچر سے بات کر سکتے ہیں اور کلاس کے ساتھ کوئی کتاب یا کہانی شیئر کرنے کا پروگرام بنا سکتے ہیں۔
- کمیونٹی میں سرگرمیاں تلاش کریں۔ ACT میں سال بھر کئی ثقافتی پروگرام اور سرگرمیاں ہوتی ہیں۔ ایسے دیگر خاندانوں سے ملیں جو آپ کی مادری زبان بولتے ہیں، یا دوسرے خاندانوں کے ساتھ مل کر اپنا کوئی پروگرام شروع کریں۔
- بچوں کے بڑے ہونے کے ساتھ ساتھ مادری زبان کا استعمال جاری رکھیں۔ کبھی کبھی بچے بڑے ہو کر انگریزی بولنے کو ترجیح دیتے ہیں۔ اپنے بچوں سے دو (یا زیادہ) زبانیں جاننے کے فوائد کے بارے میں بات کریں۔ اپنی مادری زبان میں بات کرنا جاری رکھیں اور اس پر قائم رہیں، کیونکہ آپ کے خاندان کی زبان اور ثقافت ایک ایسی چیز ہے جس پر فخر کیا جانا چاہیئے۔

حوالہ جات

Hertzberg, M. L., & Valdez, C. (2026)۔ مرکزی کلاس رومز میں EAL/D طلبہ کو پڑھانا (دوسری اشاعت)۔ پرائمری انگلش ٹیچنگ ایسوسی ایشن آسٹریلیا (PETAA)۔

ستمبر 2021 میں شائع کردہ، مئی 2026 میں اپ ڈیٹ کردہ